ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (432)

مورخہ 09.08.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 06 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ ایسے گھناؤنے جرائم کے مرتکب افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد الجدید پولیس نے سپیشل ٹیم تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان صابر اور توصیف بلال کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 20 گرام چرس برآمد کر لی۔ اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ مسافر خانہ، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرا اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 04 ملزمان اکبر، خلیل الرحمٰن، رجب اور زاہد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 06 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (433)

مورخہ 09.08.23

**بہاولپور(      )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر یزمان پولیس کی پٹھان گینگ کے خلاف کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث 06 ملزمان گرفتار۔ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی، ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل ،موبائل فون اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے ایس ڈی پی او سرکل یزمان لعل محمد خان اور ایس ایچ او راؤ شہزاد بابر کی سربراہی میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر ڈکیتی کرنے والے پٹھان گینگ کے 06 ملزمان اشرف خان ،گل زمان ،نصیب خان ،علی مرتضی ،علی عقیل اور محمد ندیم کو گرفتار کرلیا، جن سے ڈکیتی کے 8 مقدمات ٹریس ہوئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 03 لاکھ روپے سے زائد کی نقدرقم ، 01 عدد ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل، 13 عدد موبائل فونز اور 4 پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔ پولیس نے مختلف مقدمات میں ریکور شدہ نقدرقم ،موٹر سائیکل و دیگر مال مسروقہ مالکان کے حوالے کر دیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر یزمان پولیس کی پٹھان گینگ کے خلاف کامیاب کارروائی کے دوران ناجائز اسلحہ، نقدرقم و دیگر مال مسروقہ سمیت گرفتار ملزمان